امام ابو بکر شبلیؒ جیسے شیخ طریقت اور متبع سنت بزرگ کا ابن منصورؒ کے حال کو اپنے حال سے تعبیر کرنا ابن منصورؒ کی بے گناہی اور ان کے ولی کامل ہونے کی بہت بڑی گواہی ہے۔

۴۔ شیخ ابو القاسم نصر آبادیؒ (متوفی ۳۷۵ھ) نے ابن منصورؒ کو موحد تسلیم کیا ہے

خطیب بغدادیؒ تاریخ بغداد جلد نمبر ۸ صفحہ نمبر ۶۹۹ پر لکھتے ہیں: ”محمد بن حسین نے بیان کیا کہ میں نے ابراہیم بن محمد نصر آبادی سے سنا جب کہ ان پر حلّاج کا ایک کلام روح کے متعلق نقل کرنے پر عتاب کیا گیا۔ انہوں نے عتاب کرنے والے سے فرمایا، کہ انبیاء وصدیقین کے بعد اگر کوئی موحد ہے تو حلّاج ہی ہے“۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۶۹۹)

عنه وأنتَ في بَدْء أمرك، وأما الآن وقد تأكّدَ الحالُ بيننا، فالأمرُ فيه ما سمعتَ.

وقال محمد بن الحُسين: سمعتُ إبراهيم بن محمد النَّصراباذي، وعُوتِبَ في شيء حكى عنه، يعني عن الحَلاّج، في الرُّوح، فقال لمن عاتبه: إن كان بعد النَّبيين والصِّدِّيقين موحِّدٌ فهو الحَلاّج.

أخبرنا ابن الفَتْح، قال: أخبرنا محمد بن الحسين، قال: سمعت منصور ابن عبدالله يقول: سمعتُ الشِّبلي يقول: كنتُ أنا والحُسين بن منصور شيئًا واحدًا، إلاّ أنه أظهر وكتمتُ. قال: وسمعتُ منصورًا يقول: سمعتُ بعضَ أصحابِنا يقول: وَقَفَ الشِّبلي عليه وهو مصلوبٌ، فنظرَ إليه، وقال: ألم نَنْهكَ عن العالمين؟

أخبرنا إسماعيل الحِيري، قال: أخبرنا أبو عبدالرحمن السُّلَمي، قال: سمعت جعفر بن أحمد يقول: سمعتُ أبا بكر بن أبي سَعْدان يقول: الحُسين ابن منصور مُمَوِّهٌ مُمَخْرِقٌ.

قال أبو عبدالرحمن: وحُكِيَ عن عَمرو المكّي أنه قال: كنتُ أُماشيه في بعضِ أزِقَّة مكَّة، وكنتُ أقرأُ القرآن فسمعَ قِراءتي، فقال: يمكنني أن أقولَ مثلَ هذا، فَفارَقتُهُ.

حدثني مسعود بن ناصر، قال: أخبرنا ابن باكو الشِّيرازي، قال: سمعتُ أبا زُرعة الطَّبَري يقول: الناس فيه، يعني في الحُسين بن منصور، بين قبول ورَدّ، ولكن سمعتُ محمد بن يحيى الرّازي يقول: سمعتُ عَمرو بن عُثمان يَلعنُهُ ويقول: لو قَدَرتُ عليه لقَتَلتُه بيدي، فقلت: أيش الذي وجد الشيخ عليه؟ قال: قرأتُ آيةً من كتاب الله، فقال: يُمكنني أن أؤلف مثله وأتكلّم به.

قال: وسمعتُ أبا زُرعة الطَّبَري يقول: سمعتُ أبا يعقوب الأقطع يقول: زَوّجتُ ابنَتي من الحُسين بن منصور لما رأيتُ من حُسنِ طَريقَتِهِ واجتهادِهِ، فبانَ لي بعد مدّةٍ يسيرةٍ أنّه ساحرٌ مُحتالٌ، خبيثٌ كافرٌ.

٦٩٩

شیخ ابو القاسم نصر آبادیؒ صوفی بزرگ بھی ہیں اور ان کو ائمہ محدثین نے ثقات وحافظ حدیث میں بھی شمار کیا ہے۔

خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں: ”ابراہیم بن محمد بن احمد بن محمویہ، ابو القاسم نصر آبادی نیساپوری صوفی ثقہ، حدیث کے بڑے عالم اور کثیر الروایت ہیں“۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۷، ص۱۰۷)

امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: ”امام المحدث، مبلغ، صوفیوں کے شیخ ابو القاسم ابراہیم بن محمد بن احمد بن محمویہ الخراسانی نصر آبادی نیساپوری پرہیز گار عبادت گزار تھے“۔ (سیر اعلام النبلاء: ج۱۶، ص۲۶۳)

آگے لکھتے ہیں کہ: ”ابراہیم بن محمد نصر آبادی کہتے ہیں انبیاء وصدیقین کے بعد اگر کوئی موحد ہے تو حلّاج ہی ہے“۔ (سیر اعلام النبلاء: ج۱۶، ص۲۶۵)

ابو القاسم نصر آبادیؒ کا حسین بن منصورؒ کو موحد کامل قرار دینا اور ان کے اقوالِ موحشہ موہمہ کو غلبۂ انوار توحید سے سرشار سمجھنا اس بات کی دلیل ہے کہ ان پر لگائے گئے تمام الزامات جھوٹے اور بے بنیاد ہیں اور ابن منصورؒ ولی اللہ میں سے ہیں۔

۵۔ امام ابو القاسم عبد الکریم القشیریؒ (متوفی ۴۶۵ھ) کی ابن منصورؒ کے بارے میں رائے

امام ابو القاسم القشیریؒ نے اپنے رسالہ قشیریہ کے مقدمہ میں مشائخ صوفیہ کے عقائد کے متعلق دعوٰی کیا ہے کہ وہ بالکل کتاب وسنت کے موافق اور سلف صالحین کے مطابق ہیں اور دلیل میں جہاں دیگر اجلہ صوفیہ وائمہ طریق کے اقوال بیان کئے ہیں وہیں حسین بن منصورؒ کے توحید وصفات باری تعالٰی کے بارے میں کہے گئے اقوال بھی نقل کئے ہیں۔ جس سے یہ بات واضح ہے کہ امام قشیریؒ کے نزدیک ابن منصورؒ بھی مشائخ صوفیہ میں سے ہیں۔

الإمام أبي المواهب عبد الوهاب بن أحمد بن علی الأنصاری الشافعی المشهور بالشعرانیؒ فرماتے ہیں کہ: "امام قشیری نے ابن منصور کے تزکیہ (اور تبریہ) کی طرف اشارہ کردیا ہے کیونکہ انہوں نے ابن منصور کے عقیدہ کو عقائد اہلسنت کے ساتھ اپنی کتاب کے شروع میں بیان کرکے باب حسن ظن کا افتتاح کیا ہے۔ پھر مروان طریق کے پیچھے بھی ان کا ذکر کیا کیونکہ ان کے متعلق کچھ سے کچھ کہا گیا ہے"۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی: ج ۱، ص ۱۹۵)

- ۱۹۵ -

الثقفی یحزمه ویبجله ویرفع مقداره مات بنیسابور سنة تسع وعشرین وثلاثمائة.
ومن كلامه ﷺ لا خیر فی فقیر لم یذق ذل الكاسب وذل الرد، وكان ﷺ یقول من رفع ظل نفسه عن نفسه عاش الناس فی ظله.

وكان یقول عبر بلسانك عن حالك ولا تكن بكلامك حاكیا لأحوال غیرك. وكان یقول إذا لم تنتفع أنت بعلمك فكیف ینتفع به غیرك وكان یقول من التزم شیئا لا یحتاج إلیه ضیع من أحواله ما یحتاج الیه ولا بد منه، وكان یقول لم یضیع أحد من الفقراء فریضة من الفرائض إلا ابتلاه الله بتضییع السنن، ولم یبتل أحد من الفقراء بتضییع السنن إلا اوشك أن یبتلی بالبدع، وكان یقول لا یجتمع التسلیم والدعوى لأحد بحال.

وكان یقول لو صح لعبد فی عمره نفس واحد من غیر ریاء ولا شرك لأثر بركات ذلك علیه إلى اخر الدهر. وكان یقول لم تظهر دعوى العبودیة وتضمر اوصاف الربوبیة وكان یقول من احتجت إلى شیء من علومه فلا تنظر إلى شیء من عیوبه فإن نظرك إلى عیوبه یحرمك بركة الانتفاع بعلومه وكان یقول افضل اوقاتك وقت یسلم الناس فیه من سوء ظنك ﷺ.

۲۰۹۔ ومنهم أبو مغیث الحسین بن منصور الحلاج رحمه الله تعالى:

وهو من أهل بیضاء فارس ونشأ بواسط العراق، صحب الجنید والنوری وعمرو بن عثمان المكی والفوطی وغیرهم رحمهم الله أجمعین. والمشایخ فی أمره مختلفون رده اكثر المشایخ ونفوه وابوا أن یكون له قدم فی التصوف، وقبله بعضهم منهم ابو العباس بن عطاء ومحمد بن حنیف وابو القاسم النصر اباذی واثنوا علیه وصححوا حاله وحكوا عنه كلامه وجعلوه أحد المحققین حتى كان محمد بن حنیف یقول الحسین بن منصور عالم ربانی قتل رحمه الله تعالى ببغداد بباب الطاق یوم الثلاثاء لست بقین من ذی القعدة سنة تسع وثلاثمائة.

قلت ورأیت فی تاریخ ابن خلكان ما نصه: قتل الحسین الحلاج ولم یثبت علیه ما یوجب القتل ﷺ وقد اشار القشیری إلى تزكیته حیث ذكر عقیدته مع عقائد اهل السنة أول الكتاب فتحا لباب حسن الظن به ثم ذكره فی اواخر الرجال لأجل ما قیل فیه وقد تقدم بسط ذلك فی مقدمة الكتاب والله تعالى أعلم.

امام قشیریؒ کا درجہ علم ظاہر وباطن میں جس قدر بلند ہے۔ وہ صوفی بزرگ بھی ہیں اور محدث بھی، عالم فاضل بھی ہیں اور عارف کامل بھی۔

ان کی ولادت ۳۷۶ھ میں ہوئی اور وفات ۴۶۵ھ میں، تو ان کا زمانہ بھی ابن منصورؒ کے زمانے سے بہت قریب کا ہے۔

حافظ ابن اثیرؒ امام قشیریؒ کی جلالت شان میں یوں بیان کرتے ہیں کہ: "امام قشیری، فقیہ، اصولی، مفسر، کاتب اور گوناگو اوصاف حسنہ سے متصف تھے"۔ (ابن اثیر، ابو الحسن علی بن ابی الکرم، الکامل فی التاریخ: بیروت، ج ۱۰، ص ۸۸)

فقر و تصوف میں آپ کے مقام و مرتبہ کے حوالے سے امام ذہبیؒ لکھتے ہیں: ”قشیری اپنے زمانے میں اقلیم تصوف کے بے تاج بادشاہ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سخت ترین ریاضت و مجاہدہ کی ہمت ارزانی فرمائی۔ آپ پاکیزہ نفس، نفیس اشارات و نکات کے ذریعے معانی کی یہہ تک پہنچ جانے والے نکتہ رس تھے“۔ (تاریخ اسلام للذہبی: ص ۱۷۲)

امام ذہبیؒ خطیب بغدادیؒ کا قول رقم کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”آپ ثقہ اور واعظ خوش بیان تھے اور نفیس اشارات و نکات بیان کرتے“۔ (سیر اعلام النبلاء: ج ۱۸، ص ۲۳۰)



سير أعلام النبلاء

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى
٧٤٨هـ - ١٣٧٤م

الجزء الثامن عشر

حققه وخرج أحاديثه وعلق عليه

شعيب الأرنؤوط — محمد نعيم العرقسوسي

مؤسسة الرسالة

« المنتهى في نكت أولي النهى »(١) .

قال أبو سعد السمعاني : لم يَرَ الأستاذُ أبو القاسم مثلَ نفسه في كماله وبراعته، جَمَعَ بين الشريعة والحقيقة، أصلُه من ناحية أُسْتُواءة، وهو قُشَيْرِيُّ الأب، سُلَمِيُّ الأم(٢) .

وقال أبو بكر الخَطيب(٣) : كتبْنا عنه ، وكان ثقةً ، وكان حَسَنَ الوعظ ، مَليحَ الإشارة، يَعرِف الأصولَ على مذهب الأشعري ، والفروعَ على مذهب الشافعي ، قال لي : وُلِدْتُ في ربيعٍ الأول سنة ستٍّ وسبعين وثلاثِ مئة .

أخْبَرنا أبو الفضل أحمدُ بنُ هِبة الله بن تاج الأمناء في سنة ثلاثٍ وتسعين ، عن أم المُؤيِّد زينب بنتِ عبد الرحمن ، أخبرنا أبو الفتوح عبدُ الوهَّاب بن شاه الشَّاذْياخي ، أخبرنا زينُ الإسلام أبو القاسم عبدُ الكريم بن هوازن ، أخبرنا أبو نُعيم عبدُ الملك ، أخبرنا أبو عَوَانة ، حدثنا يونسُ بنُ عبد الأعلى ، أخبرنا ابنُ وهب ، أخبرني يونس ، عن ابن شِهاب ، حدثني سعيدُ بنُ المُسَيَّب ، عن أبي هريرة ، عن النبي ﷺ قال : بَيْنا رَجلٌ يَسوق بقرةً قد حمل عليها ، الْتَفتتْ إليه ، وقالت : إني لم أُخلَقْ لهذا ، إنما خُلِقْتُ لِلْحَرثِ . فقال الناسُ : سُبحان الله ! فقال النبيُّ ﷺ : « آمَنْتُ بِهذا أنا وأبو بكرٍ وعُمَرُ »(٤) .

(١) انظر مؤلفاته في « هدية العارفين » ١/٦٠٧-٦٠٨ .
(٢) أورد مثل هذا الخبر ابن عساكر في « تبيين كذب المفتري » : ٢٧٢ .
(٣) « تاريخ بغداد » ١١/٨٣ .
(٤) إسناده صحيح ، وأخرجه البخاري (٣٤٧١) في الأنبياء : باب ماذكر عن بني إسرائيل من طريق علي بن عبد الله ، ومسلم (٢٣٨٨) في فضائل الصحابة : باب فضائل أبي بكر من طريق محمد ابن عباد ، كلاهما عن سفيان بن عيينة عن أبي الزناد ، عن الأعرج ، عن أبي سلمة ، عن أبي هريرة ، وأخرجه الترمذي (٣٦٧٧) من طريق محمود بن غيلان ، عن أبي داود ، عن شعبة ، عن سعد بن إبراهيم ، عن أبي سلمة ، عن أبي هريرة .

٢٣٠

خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں: ”قشیری ۴۴۸ھ میں بغداد تشریف لائے اور حدیثوں کی روایت کی، ہم نے بھی ان سے حدیثیں لکھیں، آپ ثقہ تھے“۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج ۱۲، ص ۳۶۶)

امام سبکیؒ لکھتے ہیں: ”آپ کی مجلس وعظ و نصیحت کے بارے میں آپ کے معاصرین کا اجماع ہے کہ آپ اس فن میں عدیم النظیر تھے“۔ (الطبقات شافعیۃ الکبریٰ: ج ۳، ص ۱۵۳)

طبقات الشافعية الكبرى

لتاج الدين أبي نصر عبد الوهاب بن علي بن عبد الكافي السبكي

٧٢٧ — ٧٧١ هـ

تحقيق

محمود محمد الطناحي — عبد الفتاح محمد الحلو

الجزء الخامس

روى عنه ابنه عبد المنعم ، وابن ابنه أبو الأسعد هبة الرحمن ، وأبو عبد الله الفُراوِيّ ، وزاهر الشَّحَّامِيّ ، وعبد الوهّاب بن شاه الشاذِياخِيّ[1] ، ووجيه الشَّحّامِيّ ، وعبد الجبار الخُوارِيّ ، وخلق .

وروى عنه من القدماء أبو بكر الخطيب ، وغيره .

ووقع لنا الكثير من حديثه .

وأخذ الفقه عن أبي بكر محمد بن بكر الطُّوسِيّ ، وعِلْمَ الكلام عن الأستاذ أبي بكر ابن فُورَك .

واختلف أيضا يسيرا إلى الأستاذ أبي إسحاق[2] .

وأخذ التصوف عن أستاذه أبي عليّ الدقّاق .

وكان فقيهاً بارعاً أصوليًّا ، محقِّقًا متكلِّما ، سُنِّيا محدِّثا ، حافظا ، مفسِّرا ، متفنِّنا ، نحويا لغويا ، أديبا كاتبا شاعرا ، مليح الخطّ جدا ، شجاعا بطلا ، له في الفُروسية واستعمال السلاح [illegible] الجميلة .

أجمع أهل عصره على أنه سيِّدُ زمانه ، وقدوةُ وقته ، وبركةُ المسلمين في ذلك العصر .

قال الخطيب : حدَّث ببغداد ، وكتبنا عنه ، وكان ثقة ، وكان يعظ ، وكان حسن الوعظة ، مليح الإشارة ، وكان يعرف الأصول على مذهب الأشعريّ ، والفروع على مذهب الشافعيّ .

وقال[3] عبد الغافر بن إسماعيل فيه : الإمام مطلقا ، الفقيه المتكلّم الأصولي ، المفسِّر الأديب النحوي ، الكاتب الشاعر ، لسان عصره وسيِّدُ وقته ، وسرُّ الله بين خلقه ،

(١) في المطبوعة : « الشادياخي » وأهمل الإعجام في س ، د . وأثبتنا الصواب من اللباب ٢/٣ . وسبق الكلام على هذه النسبة في الجزء الرابع ٣٩٤ . وقال صاحب اللباب : « هذه النسبة إلى موضعين أحدهما على باب نيسابور مثل قرية متصلة بالبلد ... ينسب إليها أبو بكر شاه بن أحمد بن عبد الله الشاذياخي الصوفي من أهل الدين ، مشهور بخدمة أبي القاسم القشيري » .

(٢) الإسفرايني . كذا في التبيين ٢٧٣ . (٣) كلام عبد الغافر هذا بحروفه في التبيين . وقد

٦۔ سیدنا شیخ عبد القادر جیلانیؒ (متوفی ۵۶۱ھ) کی ابن منصورؒ کے بارے میں رائے

ابن منصورؒ کو معذور ماننے والے چھٹے بزرگ شیخ عبد القادر جیلانیؒ ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ: ’’حسین بن منصور حلّاج کو (طریق میں) ایک دشواری پیش آگئی تھی تو ان کے زمانہ میں کوئی ایسا نہ تھا جو ان کا ہاتھ پکڑ لیتا (اور سلامتی کے ساتھ اس دشواری سے نکال دیتا)، اور میں اپنے اصحاب و مریدین اور محبین میں سے ہر اس شخص کا ہاتھ پکڑنے والا ہوں جسکی سواری کو ٹھوکر لگ جائے‘‘۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی: ج۱، ص۲۲۷)

- ٢٢٧ -

٢٤٨ـ ومنهم أبو صالح سيدى عبد القادر الجيلى رضى الله تعالى عنه:

وهو ابن موسى بن عبد الله بن يحيى الزاهد بن محمد بن داود بن موسى بن عبد الله بن موسى الجون بن عبد الله المحض بن الحسن المثنى بن الحسن بن على بن أبى طالب رضى الله تعالى عنهم أجمعين ولد ﷺ سنة سبعين وأربعمائة وتوفى سنة إحدى وستين وخمسمائة ودفن ببغداد رضى الله تعالى عنه وقد افرده الناس بالتاليف ونحن نذكر إن شاء الله تعالى ملخص ما قالوه مما به نفع وتأديب للسامع فنقول وبالله التوفيق: كان ﷺ يقول: عثر الحسين الحلاج فلم يكن فى زمنه من يأخذ بيده وأنا لكل من عثر مركوبه من أصحابى ومريدى ومحبى إلى يوم القيامة آخذ بيده يا هذا فرسى مسرج ورمحى منصوب وسيفى شاهر وقوسى موتر أحفظك وأنت غافل وحكى عن أمه رضى الله عنها.

وكان لها قدم فى الطريق أنها قالت لما وضعت ولدى عبد القادر كان لا يرضع ثديه فى نهار رمضان ولقد غم على الناس هلال رمضان فأتونى وسألونى عنه فقلت لهم إنه لم يلتقم اليوم له ثديا ثم اتضح أن ذلك اليوم كان من رمضان واشتهر ببلدنا فى ذلك الوقت أنه ولد للأشراف ولد لا يرضع فى نهار رمضان وكان ﷺ يلبس لباس العلماء ويتطيلس ويركب البغلة وترفع الغاشية بين يديه ويتكلم على كرسى عال.

وكان ﷺ يقول بقيت أياما كثيرة لم استطعم فيها بطعام فلقينى إنسان أعطانى صرة فيها دراهم فأخذت منها خبزا سميذا وخبيصا فجلست آكله فإذا برقعة مكتوب فيها قال الله تعالى فى بعض كتبه المنزلة: إنما جعلت الشهوات لضعفاء خلقى ليستعينوا بها على الطاعات أما الأقوياء فما لهم وللشهوات فتركت الأكل وانصرفت.

وكان ﷺ يقول: إنه لترد على الأثقال الكثيرة لو وضعت على الجبال تفسخت فإذا كثرت على الأثقال وضعت جنبى على الأرض وتلوت ﴿ إِنَّ مَعَ ٱلْعُسْرِ يُسْرًا ﴾[1] ثم ارفع رأسى وقد انفرجت عنى تلك الأثقال. وكان ﷺ يقول قاسيت الأهوال فى بدايتى فما تركت هولا إلا ركبته وكان لباسى جبة صوف وعلى رأسى خريقة

(١) أمر الإسلام أتباعه أن يأخذوا بالأسباب، وما ذكر أعلاه تأويل غير صحيح للآية. فللمسافر أن يتخذ وسيلة للسفر إلا إذا عجز واضطر إلى أن يمشى ناعيا الويل من بعينه ويقوبه.

الطبقات الكبرى

المسمى لواقح الأنوار القدسية فى مناقب العلماء والصوفية

للعارف بالله الإمام عبد الوهاب الشعرانى

تحقيق وضبط

أ.د./ أحمد عبد الرحيم السايح — المستشار/ توفيق على وهبة

الجزء الأول

الناشر

مكتبة الثقافة الدينية

۷۔ شیخ فرید الدین عطارؒ (متوفی ۵۴۰ھ) کی ابن منصورؒ کی حمایت

ابن منصورؒ کو ماننے والے ساتویں بزرگ حضرت شیخ فرید الدین عطارؒ ہیں جنہوں نے اپنی کتاب تذکرۃ الاولیاء میں ان کا ذکر جمیل بہت عمدہ طریقے سے تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔

شیخ فرید الدین عطارؒ کی جلالت شان اس سے ظاہر ہے کہ مولانا رومی آپ کی شان میں فرماتے ہیں:

ہفت شہر عشق را عطار گشت — ما ہنوز اندر خم یک کوچہ ایم

اور مثنوی مولوی معنوی میں ان کا کلام بطور حجت کے لاتے ہیں اور اس کی شرح فرماتے ہیں۔

۸۔ مولانا رومیؒ (متوفی ۶۷۲ھ) کی ابنمنصور کی مدح و ثنا کرنا

ابن منصورؒ کو ماننے والے آٹھویں بزرگ حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ ہیں۔ آپ نے مثنوی مولوی معنوی میں ان لوگوں کو بہت بُرا بھلا کہا ہے جنہوں نے ابن منصورؒ کو ناحق سولی دی، چنانچہ فرماتے ہیں:

چون قلم در دست غدارے بود — لاجرم منصور بر دارے بود

جب قلم کسی غدار کے ہاتھ میں ہو گا — تو لا محالہ منصور سولی پر ہو گا



اس میں غدار سے مراد وزیر حامد العباس ہے جو ابن منصور کا دشمن ہو گیا تھا، جس نے علماء کو ان کی تکفیر پر مجبور کیا۔ نیز ابن منصور کی مدح میں مزید فرماتے ہیں کہ:

بود انا الحق در لب منصور نور　　　　بود انا اللہ در لب فرعون زور

"انا الحق" منصور کے لب پر نور تھا　　　　"میں خدا ہوں" فرعون کے لب پر جھوٹ تھا



آن انا منصور، را رحمت بُده — ایں انا فرعون، را لعنت بُده

وہ انا منصور کے لئے (باعث) رحمت تھا — یہ انا فرعون کے لئے (موجب) لعنت تھا



گفت فرعونے "انا الحق"، گشت پست — گفت منصورے "انا الحق" و برَست

کسی فرعون نے انا الحق کہا وہ پست ہوا — کسی منصور نے انا الحق کہا وہ بالا ہے

آن انا را لعنہ اللہ، در عقب — ویں انا را رحمہ اللہ، اے محب

اس انا کے لئے اللہ تعالیٰ کی لعنت در پے ہے — اور یہ انا اے دوست! اللہ کی رحمت ہے

دفتر پنجم — مثنوی مولانا روم

گفت فرعونے انا الحق گشت پست — گفت منصورے انا الحق و برست

کسی فرعون نے انا الحق کہا وہ پست ہوا — کسی منصور نے انا الحق کہا وہ بالا ہے

آں انا را لعنۃ اللہ در عقب — ویں انا را رحمۃ اللہ اے محب

اس انا کے لئے اللہ تعالیٰ کی لعنت در پیچھے ہے — اور یہ انا اے دوست اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے

زانکہ او سنگ سیہ بُد ایں عقیق — آں عدوئے نور بُود و ایں عشیق

ایں انا ہو بود در سر اے فضول — ز اتحادِ نور نہ از راہِ حلول

جہد کن تا سنگیت کمتر شود — تا بلعلی سنگ تو انور شود

صبر کن اندر جہاد و در عنا — دم بدم می بیں بقا اندر فنا

وصفِ سنگی ہر زماں کم میشود — وصفِ لعلی در تو محکم میشود

وصفِ ہستی میرود از پیکرت — وصفِ مستی میفزاید در سرت

سمع شو یکبارگی تو گوشوار — تا ز حلقہ لعل یابی گوشوار

ہمچو چہ کن خاک می کن گر کسی — زیں تنِ خاکی کہ در آبے رسی

گر رسد جذبِ خدا آبِ معیں — چاہ ناکندہ بجوشد از زمیں

کار کن میکن تو و کاہل مباش — اندک اندک خاک چہ را میتراش

۲۰۸



مولانا رومیؒ کی جلالت شان علمائے ظاہر اور علمائے باطن دونوں کے نزدیک مسلم ہے، ان کا ابن منصور کو ماننا اور مدح وثنا کرنا، ابن منصورؒ کے صوفی، عارف ومقبول ہونے کی کافی دلیل ہے۔

۹۔ شیخ الاکبر ابن عربیؒ (متوفی ۶۳۸ھ) کی ابن منصور سے عقیدت

نویں بزرگ جنھوں نے ابن منصورؒ کی بڑی تعظیم کی وہ شیخ محی الدین ابن عربیؒ ہیں۔ لسان المیزان میں حافظ ابن حجرؒ کا تنقیدی قول اس کی سب سے بڑی دلیل ہے کہ "ابن عربیؒ صاحب الفصوص حسین بن منصورؒ کی بہت تعظیم کرتے اور اور جنید میں کلام کرتے تھے"۔ (لسان المیزان: ج ۲، ص ۳۱۵)

شیخ ابن عربیؒ کا درجہ مشائخ صوفیہ کے نزدیک تو بہت بلند ہے، علمائے ظاہر بھی ان کی جلالت شان کے معترف ہیں۔ لسان المیزان میں حافظ ابن حجرؒ نے حافظ ذھبیؒ کی جرح کو رد کر کے بہت سے محدثین کے اقوال انکی توثیق وتعدیل میں نقل کئے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے ابن النجار وابن نقطہ وابن العدیم اورزکی مندری وابن الابار وغیرہم کے اقوال ان کی مدح وثنا میں چار صفحات کے اندر بیان کئے ہیں۔ (لسان المیزان: ج ۵، ص ۳۱۵-۳۱۲)

فرقہ اہلحدیث کے عالم جناب نواب صدیق حسن خان صاحب اپنی کتاب التاج المکلل میں شیخ ابن عربی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ: "شیخ ابن عربی میں اتنی خوبیاں ہیں کہ جن کا احاطہ ممکن نہیں اور وہ اللہ کی مابین دلیل اور کھلی نشانی ہیں۔ اور ان کی اتنی کرامات ہیں جنھیں کئی جلدوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا"۔ (التاج المکلل: ص ۱۶۸)

فرقہ اہلحدیث کے عالم جناب نواب صدیق حسن خان صاحب اپنی کتاب التاج المکلل میں شیخ ابن عربی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ: "شیخ ابن عربی میں اتنی خوبیاں ہیں کہ جن کا احاطہ ممکن نہیں اور وہ اللہ کی مابین دلیل اور کھلی نشانی ہیں۔ اور ان کی اتنی کرامات ہیں جنہیں کئی جلدوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا"۔ (التاج المکلل: ص ۱۶۸)

ذلك منهم في حال السكر والغيبة، والسكران سُكراً مباحاً غيرُ مؤاخذ، ولا مكلّف، انتهى حاصله وله ببلاد اليمن والروم صيتٌ عظيم، وهو من عجائب الزمان، وأثنى عليه الشيخ محمد بن سعد الكشني، قال المَقَّرِي في «نفح الطيب»: الشيخ الأكبر، ذو المحاسن التي تبهر، الصوفي، الفقيه المشهور، الظاهري، ثم أطنب في ترجمته والثناء عليه من أهل العلم، وذكر نبذة من أشعاره الرائقة، منها قوله:

ما فازَ بالتوبةِ إلا الذي قد تابَ قِدْماً والورَى نُوَّمْ
فمنْ يتبْ أدركَ مطلوبَهُ من توبةِ الناسِ ولا يعلَمْ

قال: وله من المحاسن ما لا يستوفى. وبالجملة: فهو حجة الله الظاهرة، وآيته الباهرة، أما كراماته، فلا تحصرها مجلدات. قال الشعراني: وقولُ المنكرين في حقه مثلُ غُثاء وهباء لا يُعبأ به. وبنى السلطان سليم خان على قبره مدرسة عظيمة، ورتب له الأوقاف. قال المَقَّرِي: وقد زرتُ قبره، وتبركت به مراراً، ورأيتُ لوائح الأنوار عليه ظاهرة، ولا يجد منصف محيداً إلى إنكار ما يشاهد عند قبره من الأحوال الباهرة.

وكان يحدِّث بالإجازة العامة عن الحافظ السِّلَفي، وأثنى عليه الإمام الصفي بن ظافر الأزدي في «رسالته»، وذكر له النعمان أفندي في «الروضة الغناء» ترجمة جميلة موجزة، وقال: إمام الصوفية، ورب طريقهم. ولد بمرسية سنة ٥٦٠، وكان مسكنه في دمشق، وظهوره فيها، وبها نشر علومه، توفي في دمشق سنة ٦٣٨، ألف في مناقبه ومواهبه الشيخ عبد الغني النابلسي مؤلفاً حسناً سماه: «السر المختبي في ضريح ابن عربي»، وألف فيه أيضاً كتاباً جليلاً سماه: «الرد المتين على منتقص العارف محيي الدين»، والقوم لا ينقطعون عن زيارة الشيخ، يعتبرونه من أعظم أولياء، وفي كل يوم جمعة ترى مثاباً من الناس حول ضريحه للصلاة والزيارة، انتهى.

قلتُ: والمذهب الراجح فيه على ما ذهب إليه العلماء المحققون الجامعون بين العلم والعمل والشرع والسلوك: السكوتُ في شأنه، وصرفُ كلامه

١٦٨



۱۰۔ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ (متوفی ۹۷۳ھ) نے ابن منصورؒ کو اپنی کتاب میں اولیاء اللہ میں شمار کیا ہے

ابن منصورؒ کو ماننے والے دسویں بزرگ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ شافعی ہیں جو اپنے وقت میں علوم ظاہر و باطن کے مسلم امام تھے۔ آپ نے اپنی کتاب طبقات الکبریٰ میں جو طبقات صوفیہ کے لئے مخصوص ہے ابن منصورؒ کو اولیاء اللہ میں شمار کیا اور ان کے عارفانہ اقوال سے تصریح کر دی ہے کہ صحیح قول یہ ہے کہ ابن منصورؒ صوفیائے کرام میں سے تھے۔

طبقات امام شعرانی ﴿۷۳﴾ برکاتِ روحانی (اردو ترجمہ)

ہوتے تو ہمیں گفتگو کی ضرورت ہی نہیں تھی اور لوگوں نے ان کے بارے بہت اختلاف کیا ہے ابن خلکان نے اپنی تاریخ میں فرمایا کہ انہیں حلاج اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کپاس بیچنے والے کی دکان پر بیٹھے تھے اور وہاں بیٹھے بغیر کپاس کا شاک تھا دکاندار کسی کام کے لئے چلا گیا جب واپس آیا تو دیکھا کہ تمام کپاس بیلی ہوئی ہے اسی وجہ سے آپ کا نام حلاج پڑ گیا آپ موسم گرما کے پھل موسم سرما میں اور اس کے برعکس پیش کیا کرتے اپنا ہاتھ ہوا میں پھیلاتے اور واپس لاتے تو دراہم سے بھرا ہوتا آپ انہیں دراہم قدرت کا نام دیتے۔

حلاج کے قتل کا سبب اور واقعہ

آپ کا قتل کسی ایسے امر کی وجہ سے نہ تھا جو کہ قتل کا موجب ہو صرف وزیر نے آپ کے خلاف سازش کی جب آپ کو کمرہ عدالت میں کئی بار لایا گیا اور آپ سے خلاف شرع کچھ بھی ثابت نہ ہوا تو اس نے کہا کہ کیا اس کی تصنیفات ہیں کہا گیا کہ ہیں پس انہوں نے ذکر کیا کہ انہوں نے اس کی ایک کتاب دیکھی ہے جس میں یہ لکھا ہے کہ انسان جب حج کرنے سے عاجز ہو جائے تو چاہیے کہ اپنے گھر کا ایک بالا خانہ پاک صاف کر کے اس کا طواف کرے گویا اس نے حج کر لیا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ اس کا یہ قول صحیح ہے یا کیا۔ پس قاضی نے آپ کو طلب کیا اور کہا کہ یہ کتاب آپ کی تصنیف ہے؟ فرمایا ہاں اس نے کہا کہ آپ نے اسے کس سے لیا ہے فرمایا حسن بصری سے اور حلاج کو یہ معلوم نہیں کہ ان کی کتاب میں جعل سازی کی گئی ہے تو قاضی نے کہا کہ اے خون گرائے جانے کے لائق انسان! تو نے جھوٹ کہا حسن بصری کی کتابوں میں ایسی کوئی بات نہیں ہے جب قاضی نے آپ کو مراق الدم یعنی خون گرائے جانے کے لائق کہہ کر خطاب کیا تو وزیر نے قاضی پر اس کلمہ سے دلیل قائم کی کہا کہ یہ کلمہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ آپ نے اس پر کفر کا فیصلہ کیا ہے اور قاضی سے کہا کہ اپنی قلم سے تکفیر کا حکم لکھ دیں لیکن قاضی نے ایسا لکھنے سے انکار کیا۔ لیکن وزیر نے دباؤ ڈالا تو اسے لکھ دیا۔ پس عوام اس وزیر کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے وزیر کو اپنی جان کا خطرہ پڑ گیا۔ اس نے اس مسئلہ میں خلیفہ سے بات کی تو اس نے حلاج کو سزا دینے کا حکم دیا اور ہزار کوڑا مارا گیا آپ نے ہائے تک نہ کی آپ کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹ دیئے گئے پھانسی پر لٹکایا گیا پھر آگ میں جلا دیا گیا اور لوگوں میں آپ کے بارے میں اختلاف پڑ گیا کہ کیا یہ وہی ہے جسے پھانسی دی گئی یا اسے اٹھا لیا گیا جس طرح کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق واقعہ رونما ہوا۔

اور امام غزالی رضی اللہ عنہ کی تکفیر کا فتویٰ دیا گیا اور آپ کی کتاب "الاحیاء" کو جلا دیا گیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے خلاف آپ کی مدد فرمائی اور کتاب "الاحیاء" کو سونے کے پانی سے لکھا گیا اور امام غزالی پر انکار اور اعتراض کرنے والوں اور آپ کی کتاب کو جلانے کا فتویٰ دینے والوں میں سے قاضی عیاض اور ابن رشید ہیں تو جب غزالی تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے قاضی عیاض کے لئے بددعا فرمائی اور جس دن بددعا کی اسی دن قاضی عیاض حمام کے اندر اچانک فوت ہو گئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خلیفہ مہدی نے آپ کے قتل کا حکم صادر کیا کیونکہ آپ کے شہر والوں نے دعویٰ کیا کہ یہ یہودی ہے کیونکہ آپ ہفتہ کے دن باہر نہیں نکلتے تھے کیونکہ آپ کتاب الشفاء کی تصنیف ہفتے کے دن کرتے تھے تو امام غزالی کی دعا کی وجہ سے قاضی عیاض کو مہدی نے قتل کرا دیا۔ اور ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ عنہ کو آپ کے رفقاء سمیت بلاد مغرب سے نکال دیا گیا۔ پھر انہوں نے اسکندریہ کے نائب کو لکھا کہ تمہارے پاس



مندرجہ بالا دس بزرگ تو وہ ہیں جو علمائے ظاہر و باطن سب کے نزدیک مسلم ہیں۔ عرب و عجم ان کی جلالت و شان کے معترف ہیں۔ ان حضرات میں سے ایک بزرگ کا بھی کسی کو ولی کامل کہہ دینا اس کی سعادت و کامیابی کی بڑی دلیل ہے۔ پھر جس کو یہ سب قبول کر لیں اس شخص کا کیا مقام ہو گا۔ ان کے علاوہ بھی مصر، شام اور ہندوستان کے بڑے بڑے علماء کرام نے ابن منصور کو صوفیہ اور اولیاء اللہ میں شمار کیا ہے جن کی فہرست طویل ہے۔ بہر حال ہم ان ہی دس ناموں پر اکتفاء کرتے ہیں۔

زبیر علی زئی صاحب کی پیش کردہ مبہم و منقطع جرحوں اور باطل و کھوکھلے دعووں کے مدلل جوابات

ا۔ حافظ ذہبیؒ کی جرح کا جواب

حافظ ذہبیؒ نے اپنی جرح میں ابن منصورؒ پر جتنے بھی الزامات لگائے ہیں ان میں سے ایک الزام بھی صحیح سند سے ثابت نہیں ہے جبکہ انہوں نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ ”ابن منصورؒ کی ابتدائی حالت اچھی تھی، عبادت گزاری اور تصوف کا اظہار کرتا تھا“۔

حافظ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ: ”اسے زندیق ہونے کی وجہ سے قتل کیا گیا تھا۔۔۔ علماء کرام نے فتویٰ دیا کہ اس کا خون (بہانا) جائز ہے“ جبکہ تمام روایات کا جائزہ لینے کے بعد یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ وزیر حامد العباس نے حج کے مضمون کو جواز بناتے ہوئے قاضی ابو عمر سے زبردستی فتویٰ لکھوایا تھا، حالانکہ حج کے مضمون میں ایسی کوئی بات نہ تھی جس سے کسی کو کافر و زندیق قرار دیا جا سکے۔

حافظ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ: ”پھر وہ دین (اسلام) سے نکل گیا، جادو سیکھا اور (استدراج کرتے ہوئے) خرق عادت چیزیں لوگوں کو دکھائیں“ جبکہ جادو سیکھنے والی پہلی روایت کی سند ابن باکویہ شیرازی، علی بن احمد شروانی اور اس کے باپ کی وجہ سے سخت ضعیف ہے اور دوسری روایت کی سند میں علی بن محمد بن مزین صوفی اور ابو عبد الرحمٰن السلمی صوفی ہیں، تو سند میں بجز اسماعیل بن احمد حیری شیخ الخطیب کے اور کوئی محل نظر نہیں۔ انساب سمعانی میں ان کا بہت مختصر تذکرہ ملتا ہے جبکہ جرح و تعدیل کچھ مذکور نہیں۔ پھر ابو عبد الرحمٰن السلمی کے بارے میں تو زبیر علی زئی صاحب نے اپنی اسی تحریر میں خود اعتراف کیا ہے کہ ”ابو عبد الرحمٰن السلمی غیر ثقہ تھا“ تو پھر موصوف نے کس منہ سے حافظ ذہبیؒ کی اس جرح کو دلیل کے طور پر پیش کر دیا، جبکہ موصوف اپنی اسی تحریر میں ماہنامہ الحدیث حضرو، شمارہ ۲۱ کے صفحہ نمبر ۱۰ پر دعویٰ کرتے ہیں کہ ”الحدیث حضرو کا یہ امتیاز ہے کہ الحدیث میں صرف صحیح و ثابت حوالہ ہی بطور استدلال لکھا جاتا ہے“۔ الحمد للہ! زبیر علی زئی صاحب کا یہ باطل اور کھوکھلا دعویٰ تو ہم نے ابتداء میں ہی غلط ثابت کر دکھایا۔ حافظ ذہبیؒ کی مبہم، متشدد اور بلا دلیل جرح کی ایک اور اہم کمزوری یہ بھی ہے کہ آپ آٹھویں صدی ہجری کے درمیانی دور سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ حسین بن منصورؒ کے قتل کا واقعہ چوتھی صدی ہجری کے شروع میں رونما ہوا، لہٰذا اس واقعہ کے چار سو سال بعد پیدا ہونے والے امام ذہبیؒ کی مبہم جرح ابن منصورؒ کے دور کے جلیل القدر محدثین و بزرگان دین اور اولیاء کرام ابو العباس بن عطاء بغدادیؒ، محمد بن خفیف شیرازیؒ، ابراہیم بن محمد نصر آبادی نیشاپوریؒ اور امام ابو بکر شبلیؒ کی ابن منصورؒ کے حق میں دیگئی گواہی سے زیادہ معتبر کیسے ہو سکتی ہے؟

۲۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کی جرح کا جواب

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کا یہ کہنا کہ "اکثریت کے نزدیک وہ زندیق گمراہ (تھا) ہے" کسی ایک بھی مستند دلیل سے یہ بات ثابت نہ ہو سکی کہ ابن منصورؒ زندیق اور گمراہ تھے۔ ان کے گمراہ ہونے سے متعلق جتنی بھی روایات ہیں سب کی سب سخت ضعیف ہیں اور ان ضعیف روایات میں سے کسی ایک سے بھی براہِ راست ان سے کسی بھی قسم کا کلمہ کفر ثابت نہیں ہوتا بلکہ صرف لوگوں کی سنی سنائی باتیں ملتی ہیں جن کے جوابات پہلے ہی دیئے جاچکے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر ابن منصورؒ اکثریت کے نزدیک گمراہ ہوتے تو جب وزیر حامد نے قاضی ابو عمرو قاضی ابو جعفر بن بہلول اور بڑے بڑے فقہاء اور شہود کو جمع کر کے ان سے فتویٰ پوچھا تھا تو سب نے فتویٰ دینے سے انکار کرتے ہوئے یہ کیوں کہا کہ جب تک ہمارے سامنے اس کی کوئی بات پایۂ ثبوت کو نہ پہنچ جائے جو موجب قتل ہو اس وقت تک اس کے متعلق فتویٰ نہیں دیا جاسکتا اور لوگوں نے جن باتوں کا دعویٰ ان کی طرف منسوب کیا ہے بدون بینہ یا اقرار کے قبول نہیں کی جاسکتیں۔ اور روزیر حامد بن عباس کو قاضی ابو عمر سے زبردستی فتویٰ لکھوانا کیوں پڑا؟

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کی مبہم، متشدد اور بلا دلیل جرح کی ایک اور اہم کمزوری یہ بھی ہے کہ آپ آٹھویں صدی ہجری کے درمیانی دور سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ حسین بن منصورؒ کے قتل کا واقعہ چوتھی صدی ہجری کے شروع میں رونما ہوا، لہٰذا اس واقعہ کے چار سو سال بعد پیدا ہونے والے حافظ ابن حجرؒ کی مبہم جرح ابن منصورؒ کے دور کے جلیل القدر محدثین و بزرگان دین اور اولیاء کرام ابو العباس بن عطاء بغدادیؒ، محمد بن خفیف شیرازیؒ، ابراہیم بن محمد نصر آبادی نیشاپوریؒ اور امام ابو بکر شبلیؒ کی ابن منصورؒ کے حق میں دیگئی گواہی سے زیادہ معتبر کیسے ہو سکتی ہے؟

۳۔ امام ابو عمر محمد بن العباس بن محمد بن زکریا بن یحییٰ البغدادی (ابن حیویہ)ؒ کی جرح کا جواب

امام ابو عمر ابن حیویہ کی اس روایت کی بنا پر کسی ولی اللہ کو تو دور کی بات کسی عام مسلمان کو بھی کافر و زندیق قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اس واقعہ کے ظاہری الفاظ اور ظاہری مفہوم کا حاصل اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ ابن منصورؒ نے اپنے اصحاب کو تسلی دی تھی تو ایسے موقع پر دوستوں کو تسلی دینا جرم تو نہیں اور جس عنوان سے تسلی دی گئی ہے اس کو بھی کوئی عالم کفر یا زندقہ قرار نہیں دے سکتا کیونکہ شہداء کی حیات برزخیہ مسلّم ہے۔ اور اس بات پر بھی کوئی شک نہیں کہ ابن منصورؒ اپنے آپ کو مظلوم اور (وزیر حامد) قاتلوں کو ظالم جانتے تھے۔ تو ان کو اپنی شہادت کا یقین ہونا کچھ مستبعد نہیں اور اس یقین کے لئے حیات برزخیہ کا اعتقاد لازم ہے تو پھر اس جرح کو دلیل کے طور پر کیسے پیش کیا جاسکتا ہے؟ جبکہ ان پر لگائے گئے الزامات بھی صحیح ثابت نہ ہو سکے اور ابن عطاءؒ، خفیف شیرازیؒ، ابو القاسم نصر آبادیؒ اور امام شبلیؒ جیسے شیخ طریقت نے ان کی تائید کر رکھی ہو۔ لہٰذا ان کے اس کلام کی تاویل بھی شریعت کے عین مطابق ہونی چاہیئے جو ہم نے بیان کی۔

۴۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی جرح کا جواب

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اپنی جرح میں جتنے بھی الزامات لگائے ہیں کوئی ایک الزام بھی صحیح سند سے ثابت نہیں ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر ابن منصورؒ زندیق، ملحد اور گمراہ ہوتے اور انہیں اسی وجہ سے قتل کیا گیا ہوتا پھر تو جب وزیر حامد نے قاضی ابو عمر و قاضی ابو جعفر بن بہلول اور بڑے بڑے فقہاء اور شہود کو جمع کر کے ان سے فتویٰ پوچھا تھا تو سب نے فتویٰ دینے سے انکار کیوں کر دیا تھا؟

اگر ابن منصورؒ زندیق، ملحد اور گمراہ ہوتے اور انہیں اسی وجہ سے قتل کیا گیا ہوتا پھر تو وزیر حامد بن عباس کو قاضی ابو عمر سے زبردستی فتویٰ لکھوانا پڑا؟

ابن تیمیہؒ کا یہ کہنا کہ "جو شخص حلاج کے قتل کو جائز نہیں سمجھتا تو وہ (شخص) دینِ اسلام سے خارج ہے" ان کے اپنے ہی قول میں تضاد ظاہر کرتا ہے، کیونکہ آپ ایک طرف ایسے شخص کو دین اسلام سے خارخ کہتے ہیں اور دوسری طرف اپنی کتاب تلبیس الجھمیہ اور کتاب الصفدیۃ میں ابن منصورؒ کی کھل کر حمایت کرنے والے ابو العباس ابن عطاءؒ اور انہیں عالم ربانی کہنے والے ابو عبد اللہ محمد بن خفیف شیر ازیؒ کو زاہد اور عابد بھی تسلیم کرتے ہیں اور ان کے کلام کو سنت و عقائد صحیحہ کے مطابق بھی قرار دیتے ہیں۔

ابو عبد الرحمٰن سُلمی نے ابن منصورؒ کا تذکرہ اپنی کتاب "طبقات الصوفیہ" میں تفصیل سے بیان کیا ہے اور ابو القاسم قُشیری نے اپنے رسالہ قشیریہ میں حسین بن منصورؒ کا مکمل عقیدہ توحید بیان کیا ہے جسے اوپر نقل کیا جا چکا ہے۔ جبکہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب الصفدیۃ میں خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ "صوفیاء کے جن اکابر مشائخ کا تذکرہ ابو عبد الرحمٰن سُلمی نے "طبقات الصوفیہ" میں اور ابو القاسم قُشیری نے "الرسالہ" میں کیا ہے، یہ سب مذہب اہل السنہ والجماعہ اور مذہب اہل الحدیث پر تھے"۔ ابن تیمیہؒ کے اس بیان سے خود ان ہی کی جرح کارد ہوتا ہے اور ساتھ ہی زبیر علی زئی صاحب کا ابو عبد الرحمٰن سُلمی کی رسالہ قشیریہ والی روایت پر کیئے جانے والے اعتراض کی بھی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی۔

[١٣ – الحسين بن منصور الحلاج*]

ومنهم الحلاج، وهو الحسين / بن منصور، وكنيته أبو مغيث. وهو من [٧٨ظ] أهل بيضاء[(أ)] فارس. ونشأ بواسط[(ب)]، والعراق.

وصحب الجنيد، وأبا الحسين النوري، وعمرا المكي، والفوطي[(ج)]، وغيرهم. والمشايخ في أمره مختلفون. رده أكثر المشايخ، ونفوه، وأبوا أن يكون

(*) انظر ترجمته في: وفيات الأعيان: جـ ١ ص ١٨٣ — ١٩٠؛ تاريخ بغداد: جـ ٨ ص ١١٢ — ١٤١؛ الأنساب: ١٨١؛ اللباب: جـ ١ ص ٣٣٠؛ شذرات الذهب: جـ ٢ ص ٢٣٣، ٢٥٣ — ٢٥٧؛ طبقات الشعراني: جـ ١ ص ١٢٦ — ١٢٨؛ المختصر في أخبار البشر: جـ ٢ ص ٧٠؛ سير أعلام النبلاء: جـ ٩ ق ٢ ورق ٢١٨ — ٢٢٢؛ البداية والنهاية: جـ ١١ ص ١٣٢ — ١٤٤، مرآة الجنان: جـ ٢ ص ٢٥٣ — ٢٦١؛ المنتظم جـ ٦ ص ١٦٠ — ١٦٤؛ ومن أهم المباحث كتاب الأستاذ لويس ماسينيون [استشهاد الحلاج = La passion d'al-Husayn-ibn-Mansour Al-Hallaj, in 2 Vols. Paris 1922] وكذلك كتاب: أخبار الحلاج باريس سنة ١٩٣٦، له بالاشتراك مع الأستاذ بول كراوس.

٢ — م: ومنهم الحسين بن منصور الحلاج || ٤ — م: صحب الجنيد ... وعمرو المكي؛ ق: وعمرو المكي، والفوطي.

(أ) البيضاء، في عدة مواضع، منها مدينة مشهورة بفارس. وهي أكبر مدينة في كورة اصطخر. وإنما سميت البيضاء لأن لها قلعة تبين من بعد، ويرى بياضها. وكانت معسكراً للمسلمين، يقصدونها في فتح اصطخر. وهي تامة العمارة، خصبة جداً بينها وبين شيراز ثمانية فراسخ.
معجم البلدان [W]: جـ ١ ص ٧٩٣

(ب) واسط، في عدة مواضع. والمراد بها هنا المدينة التي بناها الحجاج بن يوسف الثقفي المتوفى سنة خمس وتسعين. وهي أعظمها وأشهرها. تقع بين البصرة والكوفة. وقد شرع الحجاج في عمارتها سنة أربع وثمانين وفرغ منها سنة ست وثمانين.
معجم البلدان: [W] جـ ٤ ص ٨٨١ — ٨٨٨

(ج) أبو بكر الفوطي — بالفاء الموحدة، لا الماف المثناة، كما في [تاريخ بغداد]، ولا النون — معاصر أبي الحسين الدراج، المتوفى سنة عشرين وثلثمائة. من مشايخ الصوفية. حكى عنه محمد بن داود الدقي. وكان يؤاخي أبا عمرو بن الأدمي.
اللباب: جـ ٢ ص ٢٢٨



له قدمٌ في التصوُّف . وقبلَه من جملتهم أبو العباس بنُ عطاء ؛ وأبو عبد الله ، محمد خَفيف ؛ وأبو القاسم ، إبرهيمُ بنُ محمدٍ النَّصْراباذِيّ : وأثنوا عليه ، وصحّحوا له حالَه ، وحكوا عنهُ كلامَه ، وجعلوه أحدَ المحققين ؛ حتى قال محمدُ بنُ خفيف : « الحسينُ بنُ منصورٍ عالمٌ ربانيٌّ » .

قتل ببغدادَ بباب الطاقِ ، يومَ الثلاثاء ، لستٍّ بقينَ من ذى القعدة ، سنة تسعٍ وثلثمائة .

* * *

١ — سمعتُ عبدَ الواحدِ بنَ بكرٍ ، يقولُ : سمعتُ أحمدَ بنَ فارسٍ ، يقولُ : سمعتُ الحسينَ بنَ منصورٍ ، يقول : « حجبَهم بالاسم فعاشوا ؛ ولو أبرزَ لهم علوم القُدْرةِ لطاشوا ؛ ولو كشفَ لهمُ الحجابَ عن الحقيقةِ لماتوا » .

٢ — قال ، وكان الحلاَّجُ ، يقولُ : « إلهى ! . أنتَ تعلمُ عجزى عن مواضيع شكرك ، فاشكر نفسك عنّى ، فإنّه الشكرُ لا غيرُ » .

٣ — قال ، وسمعتُ الحلاَّجَ ، يقولُ : « من لاحظَ الأعمالَ حُجِبَ عن المعمول له ؛ ومن لاحظَ المعمولَ لهُ حُجِبَ عن رؤيةِ الأعمالِ » .

٤ — وسمعتُ عبدَ الواحدِ ، يقول : سمعتُ أحمدَ بنَ فارسٍ ، يقولُ : سمعتُ الحسينَ بن منصورٍ ، يقول : « أسماء الله تعالى ، من حيثُ الإدراكُ اسمٌ ؛ ومن حيثُ الحقُّ حقيقةٌ » .

٥ — قال ، وسمعتُ الحسينَ ، يقولُ : « خاطِر الحق هو الذى لا يعارِضُه شيء » .

٦ — قال ، وسمعتُ الحسينَ ، يقولُ : « إذا تخلّصَ العبدُ إلى مقامِ المعرفةِ أوحى اللهُ تعالى إليه بخاطِره ، وحَرسَ سِرَّه أن يسنحَ فيه خاطرٌ غيرَ الحقّ » .



شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: ''صوفیاء کے جن اکابر مشایخ کا تذکرہ ابو عبد الرحمٰن سُلمی نے "طبقات الصوفیہ" میں اور ابو القاسم قُشیری نے "الرسالہ" میں کیا ہے، یہ سب مذہب اہل السنہ والجماعہ اور مذہب اہل الحدیث پر تھے، مثلاً: فضیل بن عیاض، جنید بن محمد [بغدادی]، سہل بن عبد اللہ تستری، عمرو بن عثمان مکی، ابو عبد اللہ محمد بن خفیف شیرازی وغیرہ، انکا کلام سنت وعقائد صحیحہ کے مطابق ہے، اور انہوں نے اس بارے میں کتب بھی تصنیف کی ہیں''۔ (کتاب الصفدیۃ: ج۱، ص۲۶۷)

كما قالوا لعبد الله بن المبارك : بماذا نعرف ربنا ؟ قال : بأنه فوق سمواته على عرشه بائن من خلقه . وهكذا قال سائر الأئمة كأحمد بن حنبل واسحق بن راهويه وعثمان بن سعيد والبخارى وغيرهم ، حتى قال محمد بن اسحق بن خزيمة الملقب بامام الأئمة : من لم يقل ان الله فوق سمواته على عرشه بائن من خلقه فانه يستتاب فان تاب والا قتل ، كما ذكر ذلك عنه الحاكم أبو عبد الله النيسابورى وصاحبه الملقب بشيخ الاسلام أبى عثمان الصابونى وغيرهما .

والشيوخ الأكابر الذين ذكرهم أبو عبد الرحمن السُّلَمى في « طبقات الصوفية » وأبو القاسم القشيرى في « الرسالة » كانوا على مذهب أهل السنة والجماعة ومذهب أهل الحديث كالفضيل بن عياض والجنيد بن محمد وسهل بن عبد الله التسترى وعمرو بن عثمان المكى وأبو عبد الله محمد بن خفيف الشيرازى وغيرهم، وكلامهم موجود في السنة،/ وصنفوا فيها الكتب ، لكن بعض المتأخرين منهم كان على طريقة بعض أهل الكلام في بعض فروع العقائد ، ولم يكن فيهم أحد على مذهب الفلاسفة ، وانما ظهر التفلسف في المتصوفة المتأخرين ، فصارت المتصوفة تارة على طريقة صوفية أهل الحديث وهم(١) خيارهم وأعلامهم ، وتارة على اعتقاد صوفية أهل الكلام فهؤلاء دونهم، وتارة على اعتقاد صوفية الفلاسفة كهؤلاء الملاحدة . (ظ ٨٣)

(ذكره ثلاث عقائد في أول الفتوحات) ولهذا ذكر ابن عربى في أول « الفتوحات » ثلاث عقائد : عقيدة مختصرة من «ارشاد» أبى المعالى بحججها الكلامية (٢)،

(١) في الاصل : وهو ،

(٢) فى الأصل : عقيدة مختصرة من ارشاد أبى المعالى وعقيدة بحججها الكلامية . ورأيت ان حذفكلمة (وعقيدة) أولى . والاشارة هنا الى كتاب « الارشاد الى قواطع الادلة فى أصول الاعتقاد » لأبى المعالى الجوينى .

كتاب الصفدية

تأليف شيخ الإسلام ابن تيمية

أبى العباس تقى الدين أحمد بن عبد الحليم

تحقيق

الدكتور محمد رشاد سالم

طبع على نفقة أحد المحسنين

وقف لله تعالى

١٤٠٦ هـ

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی مبہم، متشدد اور بلادلیل جرح کی ایک اور اہم کمزوری یہ بھی ہے کہ آپ آٹھویں صدی ہجری کے درمیانی دور سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ حسین بن منصورؒ کے قتل کا واقعہ چوتھی صدی ہجری کے شروع میں رونما ہوا، لہٰذا اس واقعہ کے چار سو سال بعد پیدا ہونے والے امام ابن تیمیہؒ کی مبہم جرح ابن منصورؒ کے دور کے جلیل القدر محدثین و بزرگان دین اور اولیاء کرام ابو العباس بن عطاء بغدادیؒ، محمد بن خفیف شیرازیؒ، ابراہیم بن محمد نصر آبادی نیشاپوریؒ اور امام ابو بکر شبلیؒ کی ابن منصورؒ کے حق میں دی گئی گواہی سے زیادہ معتبر کیسے ہو سکتی ہے؟

۵۔ حافظ ابن الجوزیؒ کی جرح کا جواب

حافظ ابن الجوزیؒ کا یہ کہنا کہ "بے شک وہ جھوٹا باطل پرست تھا" مبہم اور بلادلیل دعویٰ ہے کیونکہ کسی ایک ضعیف روایت سے بھی یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ ابن منصورؒ جھوٹے تھے۔ لہٰذا جرح و تعدیل کے میدان میں اس جرح کی بھی کوئی حیثیت نہیں کیونکہ محض صرف دعویٰ کر دینے سے الزام ثابت نہیں ہوتا جب تک کہ صحیح سند سے وجہ طعن ثابت نہ ہو۔ اگر اس طرح سے کسی بھی مبہم جرح کو قبول کر لیا جائے تو پھر بڑے سے بڑے محدث امام کی ثقاہت و عدالت ثابت نہ ہو سکے گی۔

حافظ ذہبیؒ، حافظ ابن حجرؒ، امام ابن تیمیہؒ اور حافظ ابن الجوزیؒ کی جرحوں کی بہترین مثال کچھ اس طرح سے دی جا سکتی ہے کہ عکرمہ مولی ابن عباسؓ و نافع مولی ابن عمرؓ پر بھی بعض ائمہ نے سخت جرح کی ہیں مگر دوسرے علماء کی توثیق و تعدیل سے ان کو مقبول قرار دیا گیا ہے اور جرح مبہم پر التفات نہیں کیا گیا۔ بالکل یہی معاملہ ابن منصورؒ کے ساتھ بھی کرنا چاہیئے کیونکہ ابن منصورؒ کی توثیق و تعدیل ابراہیم بن محمد نصر آبادیؒ جیسے حافظ الحدیث و متبع سنت، امام شبلیؒ جیسے امام طریق، ابو عبداللہ بن خفیفؒ جیسے شیخ طریقت اور ابو العباس بن عطاءؒ جیسے ولی اللہ و محدث نے کر رکھی ہے۔

زبیر علی زئی صاحب مولانا اشرف علی تھانویؒ کے دعوے پر اشکال کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "تھانوی صاحب نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ ابن منصور اور جنید کا عقیدۂ توحید ایک ہی تھا"۔ مگر انہوں نے اس دعوی پر کوئی صحیح دلیل پیش نہیں کی"۔ (ماہنامہ الحدیث حضرو: شمارہ ۲۱، ص ۱۰)

ويقع في الجنيد والله الموفق''

''میری رائے میں حلاج کی حمایت ان لوگوں کے سوا کوئی نہیں کرتا جو اس کی اس بات کے قائل ہیں جس کو وہ عین جمع کہتے ہیں اور یہی اہل وحدت مطلقہ کا قول ہے اس لئے تم ابن عربی صاحب فصوص کو دیکھو گے کہ وہ حلاج کی تو تعظیم کرتے ہیں اور جنید کی تحقیر کرتے ہیں'' (لسان المیزان ج ۲ ص ۳۱۵، وسیرت منصور حلاج ص ۴۵ حاشیہ)

اہل وحدت مطلقہ سے مراد وہ صوفی حضرات ہیں جو وحدت الوجود اور حلولیت کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

تعالى الله عما يقولون علواً كبيراً ،

اس قول کا رد ظفر احمد تھانوی صاحب نے رسالہ قشیریہ کی موضوع روایت سے کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ رد تحقیقی میدان میں بذات خود مردود ہے۔ تھانوی صاحب نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ ''ابن منصور اور جنید کا عقیدہ توحید ایک ہی تھا'' [ص ۴۶] مگر انہوں نے اس دعوی پر کوئی صحیح دلیل پیش نہیں کی۔ علمی میدان میں عبدالوہاب الشعرانی، خرافی صوفی بدعتی کے بے سند حوالوں سے کام نہیں چلتا بلکہ صحیح و ثابت سندوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

''الحدیث'' حضرو کا یہ امتیاز ہے کہ ''الحدیث'' میں صرف صحیح و ثابت حوالہ ہی بطور استدلال لکھا جاتا ہے۔ اسماء الرجال کے حوالے بھی اصل کتابوں سے صحیح و ثابت سندوں کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔ ضعیف روایات اور ضعیف حوالوں کی ہمیں ضرورت ہی نہیں ہے والحمد لله على ذلك

رسول اللہ ﷺ کی احادیث ہوں یا سلف صالحین کے آثار و اسماء الرجال کے حوالے، سب کے لئے صحیح و حسن لذاتہ اسانید کی ضرورت ہے۔ شیخ الاسلام عبداللہ بن المبارک المروزی رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۱ھ) فرماتے ہیں کہ:

'' الإسناد من الدين ، ولولا الإسناد لقال من شاء ما شاء '' سند دین میں سے ہے، اگر سند نہ ہوتی تو جو شخص جو چاہتا کہہ دیتا (مقدمہ صحیح مسلم ترقیم دارالسلام: ۳۲ وسندہ صحیح)

وما علينا إلا البلاغ (۱۴ شوال ۱۴۲۶ھ)

سوال: درج ذیل روایت کی تحقیق درکار ہے:

''جب رسول اللہ ﷺ کو غسل دیا گیا تو پانی آپ کی آنکھوں کے گڑھوں پر بلند ہو گیا۔ علی رضی اللہ عنہ نے اسے پی لیا تو انہیں اولین اور آخرین کا علم دے دیا گیا۔'' (کلیم حسین شاہ، راولپنڈی)

الجواب: یہ روایت بے سند و بے اصل ہے۔ اسے عبدالحق دہلوی نے اپنی کتاب ''مدارج النبوۃ'' میں ''روایت کیا گیا ہے کہ'' کے الفاظ سے بے سند و بے حوالہ لکھا ہے (جلد دوم ص ۵۹۶، اردو مترجم، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ۴۰ اردو بازار لاہور)

مشہور صوفی احمد بن محمد القسطلانی (متوفی ۹۲۳ھ) لکھتے ہیں کہ:

''وذكر ابن الجوزي أنه روى عن جعفر بن محمد قال: كان الماء يستنقع في جفون النبي ﷺ فكان علي يحسوه ، وأما ماروي أن علياً لما غسله ﷺ امتص ماء محاجر عينيه فشربه وأنه قدورث بذلك علم الأولين والآخرين، فقال النووي: ليس بصحيح''

اشکال کا جواب

زبیر علی زئی صاحب کی علمی قابلیت وصلاحیات پر تعجب ہوتا ہے کہ موصوف کو مولانا اشرف علی تھانویؒ کے دعوے کی دلیل ہی نظر نہ آسکی، حالانکہ امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القشیریؒ (متوفی: ۴۶۵) کے رسالۃ القشیریہ میں عقیدۃ توحید کے بیان میں جہاں حضرت جنید بغدادیؒ کے اقوال درج ہیں، وہیں ابن منصورؒ کے اقوال بھی درج ہیں لیکن موصوف نے انہیں پڑھنے کی زحمت ہی گوارہ نہ کی یا پھر پڑھے جانے کے باوجود بھی لاعلمی ظاہر کر رہے ہیں تاکہ عام اور لاعلم مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول جھونک سکیں۔

امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القشیریؒ (متوفی: ۴۶۵) لکھتے ہیں: ''محمد بن احمد اصفہانیؒ نے بتایا کہ ایک شخص حضرت حسین بن منصورؒ کے قریب آکھڑا ہوا اور کہنے لگا، وہ حق کون ہے جس کی طرف صوفیہ اشارہ کرتے رہتے ہیں؟ فرمایا جو سب کو بنا دینے والا ہے مگر اسے بنانے والا کوئی نہیں جسے اس کی علت قرار دیا جائے''۔ (الرسالۃ القشیریۃ الامام ابوالقاسم القشیری: ص ۴۹۶)

''حسین بن منصورؒ اللہ تعالیٰ سے اپنی محبت کا اظہار یوں فرماتے ہیں کہ: محبوب سے تمہاری محبت یہ ہے کہ اس کے سامنے اپنے تمام اوصاف بالائے طاق رکھ دو''۔ (الرسالۃ القشیریۃ الامام ابوالقاسم القشیری: ص ۵۲۳)

خطیب بغدادیؒ نے ابو الطیب محمد بن الفرخان کے حوالے سے روایت کیا ہے کہ: "میں نے حسین بن منصور سے سناوہ فرماتے تھے کہ اولین وآخرین کے علوم کا خلاصہ چار باتوں میں ہے۔(۱)رب جلیل کی محبت (۲)متاع قلیل (یعنی دنیا) سے نفرت (۳)کتاب منزل کا اتباع (۴) تغیّر حال کا خوف"۔(تاریخ مدینۃ السلام،الأمام خطیب بغدادیؒ:ج۸،ص ۶۹۲)

تاريخ مدينة السلام
وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء
من غير أهلها ووارديها
تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت
الخطيب البغدادي
٣٩٢ - ٤٦٣ هـ
المجلد الثامن
تليد - الحسين
٣٥٣٥ - ٤٢٠٢
حققه، وضبط نصه، وعلق عليه
الدكتور بشار عواد معروف
٨

تَشْغَلها بالحقّ، شَغَلتك عن الحقّ. وقال له آخر: عِظْني، فقال له: كن مع الحقّ بحكم ما أوْجَب.

أخبرنا محمد بن عيسى بن عبدالعزيز البَزّاز بهَمَذان، قال: حدثنا عليّ بن الحسن الصَّيقلي، قال: سمعتُ أبا الطَّيب محمد بن الفَرُّخان يقول: سمعتُ الحُسين بن منصور الحَلاَّج يقول: علم الأولين والآخرين مَرجعهُ إلى أربع كلمات: حبُّ الجَليل، وبُغض القليل، واتِّباع التَّنزيل، وخَوف التَّحويل.

حدثنا عبدالعزيز بن عليّ الوَرَّاق، قال: سمعتُ عليّ بن عبدالله بن جَهْضَم يقول: كتبَ الحُسين بن منصور إلى أحمد بن عطاء: أطالَ الله لي حياتَك، وأعدَمَني وفاتَك، على أحسنِ ما جَرَى به قدرٌ، أو نَطَقَ به خَبرٌ، مع ما أنَّ لك في قلبي من لواهج[1] أسرار مَحبَّتِك، وأفانينَ ذَخائِر مَوَدَّتك، ما لا يُتَرجِمهُ كتابٌ، ولا يُحصيه حسابٌ، ولا يُفنيه عتابٌ، وفي ذلك أقول[2] [من الطويل]:

كتبتُ ولم أكتب إليكَ وإنما كتبتُ إلى رُوحي بغير كتابِ
وذلك أنَّ الرُّوح لا فَرْقَ بينها وبين مُحِبِّيها بفَصْلِ خطابِ
فكُلُّ كتابٍ صادرٍ منك واردٌ إليكَ بما رَدُّ الجواب جوابي

أنشدنا محمد بن الحسن بن أحمد الأهوازي، قال: أنشدنا أبو حاتِم الطَّبَري للحُسين بن منصور[3] [من الرمل]:

جُبِلت روحُكَ في روحي كما يُجبَلُ العَنبرُ بالمِسْكِ الفَتِق[4]
فإذا مَسَّك شيءٌ مَسَّني فإذا أنت أنا لا نَفْتَرِق

(١) في م: «لواعج»، وأثبتنا ما في النسخ.
(٢) ديوانه ٣١.
(٣) ديوانه ٦٧.
(٤) في م: «الفَتِق»، وفي الديوان: «الفتق»، وما أثبتناه مجود التقييد في النسخ العتيقة، وهو بمعنى الفتق.

٦٩٢

زبیر علی زئی صاحب کے دجل وفریب وکذب بیانیاں اور باطل وکھوکھلے دعووں کے مدلل جوابات

زبیر علی زئی صاحب کا پہلا جھوٹ: زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں: "ان شدید جرحوں کے مقابلے میں حلّاج مذکور کی تعریف وتوثیق ثابت نہیں ہے"۔(ماہنامہ الحدیث حضرو:شمارہ ۲۱،ص ۸)

ماہنامہ "الحدیث" حضرو 8 شمارہ:21

علماء کے نزدیک حلاج مذکور کا زندیق وگمراہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔

۳۔ جلیل القدر امام ابوعمر محمد بن العباس بن محمد بن زکریا بن یحییٰ البغدادی (ابن حیویہ) رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

"لما أخرج حسين الحلاج ليقتل مضيت في جملة الناس، ولم أزل أزاحم حتى رأيته، فقال لأصحابه: لا يهولنم هذا، فإني عائد إليكم بعد ثلاثين يوماً، ثم قتل"

جب حسین (بن منصور) حلاج کو قتل کے لئے (جیل سے) نکالا گیا تو لوگوں کے ساتھ میں بھی (دیکھنے کے لئے) گیا، میں نے لوگوں کے رش کے باوجود اُسے دیکھ لیا، وہ اپنے ساتھیوں سے کہہ رہا تھا: "تم اس سے نہ ڈرنا، میں تیس (۳۰) دنوں کے بعد تمہارے پاس دوبارہ (زندہ ہوکر) آجاؤں گا" پھر وہ قتل کر دیا گیا۔

(تاریخ بغداد ج۸ ص۱۳۱ ت۴۲۳۲ وسندہ صحیح، المنتظم لابن الجوزی ۲۰۶/۱۳ وقال: "وهذا الإسناد صحيح لاشک فيه" لسان المیزان ۳۱۵/۲ وقال: "وإسناد ها صحيح")

اس صحیح سند سے معلوم ہوا کہ حسین بن منصور حلاج جھوٹا شخص تھا۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

"وعند جماهير المشائخ الصوفية وأهل العلم أن الحلاج لم يكن من المشائخ الصالحين، بل كان زنديقاً"

جمہور مشائخ تصوف اور اہل علم (علمائے حق) کے نزدیک حلاج نیک لوگوں میں سے نہیں تھا بلکہ زندیق (بہت بڑا ملحد وگمراہ) تھا (مجموع فتاویٰ ج۸ ص۳۱۸)

"الحمد لله رب العالمين، الحلاج قتل على الزندقة"

اللہ رب العالمین کا شکر ہے، حلاج کو زندیق ہونے کی وجہ سے قتل کیا گیا تھا [مجموع فتاویٰ ۱۰۸/۳۵]

شیخ الاسلام مزید فرماتے ہیں کہ: "وكذلك من لم يجوز قتل مثله فهو مارق من دين الاسلام"

اور اسی طرح جو شخص حلاج کے قتل کو جائز نہیں سمجھتا تو وہ (شخص) دین اسلام سے خارج ہے [مجموع فتاویٰ ج۲ ص۴۸۶]

۴۔ حافظ ابن الجوزی نے اس (حسین بن منصور) کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے "القاطع المحال اللجاج القاطع بمحال الحلاج" (المنتظم ۲۰۴/۱۳)

ابن جوزی فرماتے ہیں: "أنه كان مُمَخرِقاً" بے شک وہ جھوٹا باطل پرست تھا۔ (ایضاً ۲۰۶/۱۳)

ان شدید جرحوں کے مقابلے میں حلاج مذکور کی تعریف وتوثیق ثابت نہیں ہے۔

ظفر احمد عثمانی تھانوی دیوبندی صاحب نے اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب کی زیرِ نگرانی ایک کتاب لکھی ہے "القول المنصور فی ابن منصور، سیرت منصور حلاج" یہ کتاب مکتبہ دارالعلوم کراچی نمبر۱۴ سے شائع شدہ ہے۔ اس کتاب میں تھانوی صاحب نے موضوع، بے اصل اور مردود روایات جمع کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ (دیوبندیوں کے نزدیک) حسین بن منصور حلاج اچھا آدمی تھا(!)

8

یہاں زبیر علی زئی صاحب نے کتنی ڈھٹائی اور بے شرمی کے ساتھ اتنا بڑا جھوٹ بولا ہے، حالانکہ ابوالعباس ابن عطاؒ جیسے محدث بزرگ، ابوعبداللہ بن خفیف شیرازیؒ جیسے شیخ طریقت، امام شبلیؒ جیسے جلیل القدر امام و متبع سنت، ابراہیم بن محمد نصرآبادیؒ جیسے حافظ الحدیث و متبع سنت، امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازن القشیری جیسے جلیل القدر محدث ومفسر، سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ شیخ فریدالدین عطاؒ اور مولانا جلال الدین رومیؒ جیسے اولیاء اللہ نے ابن منصورؒ کی تعریف وتوثیق کر رکھی ہے جنہیں ہم اوپر تفصیل کے ساتھ بحوالہ بیان کر چکے ہیں۔

زبیر علی زئی صاحب کا دوسرا جھوٹ: زبیر علی زئی صاحب تاریخ بغداد کے حوالے سے محمد بن یوسف القطان کی مبہم جرح نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "ابوعبدالرحمٰن السلمی اگرچہ اپنے عام شہر والوں اور اپنے مریدوں کے نزدیک جلیل القدر تھا مگر اسی شہر کے محدث محمد بن یوسف القطان النیسابوری فرماتے ہیں کہ: "كان أبو عبدالرحمٰن السلمي غير ثقة----وكان يضع للصوفية الأحاديث"۔ "ابوعبدالرحمٰن السلمی غیر ثقہ تھا----اور صوفیوں کے لئے احادیث گھڑتا تھا"۔(ماہنامہ الحدیث حضرو: شمارہ ۲۱، ص۹)

ماہنامہ "الحدیث" حضرو | 9 | شمارہ: 21

مثال نمبر ۱۔ تھانوی صاحب لکھتے ہیں کہ:

"لوگوں کے اسرار بیان کر دیتے، ان کے دلوں کی باتیں بتلا دیتے (یعنی کشف ضمائر بھی حاصل تھا) اسی وجہ سے ان کو حلاج الاسرار کہنے لگے، پھر حلاج لقب پڑ گیا" (سیرت منصور حلاج ص ۳۱)

تبصرہ: اس قول کی بنیاد تاریخ بغداد کی ایک روایت ہے جسے احمد بن الحسین بن منصور نے تستر میں بیان کیا تھا [ج ۸ ص ۱۱۳] احمد بن الحسین بن منصور کے حالات معلوم نہیں ہیں لہذا یہ شخص مجہول ہے۔

مثال نمبر ۲۔ تھانوی صاحب لکھتے ہیں کہ:

"حسین بن منصور نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے لئے حدوث کو لازم کر دیا ہے......"

(سیرت منصور حلاج ص ۷۴ بحوالہ رسالہ قشیریہ)

عبدالکریم بن ہوازن القشیری کے الرسالۃ القشیریہ میں یہ عبارت بحوالہ ابوعبدالرحمٰن (محمد بن الحسین) السلمی النیسابوری لکھی ہوئی ہے (ص ۱۳ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان)

ابوعبدالرحمٰن السلمی اگرچہ اپنے عام شہر والوں اور اپنے مریدوں کے نزدیک جلیل القدر تھا مگر اسی شہر کے محدث محمد بن یوسف القطان النیسابوری (وکان صدوقاً، له معرفة بالحدیث وقد درس شیئاً من فقه الشافعي، وله مذهب مستقیم وطریقة جمیلة / تاریخ بغداد ۳/ ۲۱۱) فرماتے ہیں کہ:

"کان أبو عبدالرحمٰن السلمي غیر ثقة...... وکان یضع للصوفیة الأحادیث" ابوعبدالرحمٰن السلمی غیر ثقہ تھا...... اور وہ صوفیوں کے لئے احادیث گھڑتا تھا (تاریخ بغداد ج ۲ ص ۲۴۸ وسندہ صحیح)

اس شدید جرح کے مقابلے میں سلمی مذکور کی تعدیل بطریقِ محدثین ثابت نہیں ہے۔ سلمی کے استاد محمد بن محمد بن غالب اور اس کے استاد ابونصر احمد بن سعید الاسفنجانی کی توثیق بھی مطلوب ہے۔ خلاصہ یہ کہ اس موضوع سند کو تھانوی صاحب نے فخریہ پیش کیا ہے۔

تنبیہ بلیغ: عبدالکریم بن ہوازن نے رسالہ قشیریہ میں حسین الحلاج کو بطور ولی ذکر نہیں کیا۔ رسالہ قشیریہ اس کے ترجمہ سے خالی ہے۔ کسی دوسرے شخص کے حالات میں ذیلی طور پر اگر ایک موضوع روایت میں اُس کا نام آگیا ہے تو اس پر خوشی نہیں منانی چاہئے۔

خلاصۃ التحقیق: حسین بن منصور الحلاج اولیاء اللہ میں سے نہیں تھا بلکہ وہ ایک گمراہ و زندیق صوفی تھا جسے جلیل القدر فقہاء اسلام کے متفقہ فتوے کی بنیاد پر چوتھی صدی ہجری کے شروع میں قتل کر دیا گیا تھا۔ اس کی کرامتوں کے بارے میں سارے قصے موضوع و بے اصل ہیں۔

